بیسویں صدی عیسوی میں علماء برصغیر
کی قرآنی خدمات

ایڈیٹر

پروفیسر محمد حبیب اللہ قاسمی

صدر شعبۂ دینیات (سنی)

معاون ایڈیٹر

ڈاکٹر ندیم اشرف

شعبۂ دینیات (سنی)

معاون ایڈیٹر

ڈاکٹر ریحان اختر

شعبۂ دینیات (سنی)

شعبۂ دینیات (سنی)

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ-۲۰۲۰۰۲، یوپی (انڈیا)

بیسویں صدی عیسوی میں علماء برصغیر کی قرآنی خدمات

Beeswin Sadi Isawi mein Ulama-e-Barr-e-Saghir ki Quraani Khidmaat

(مجموعہ مقالات بین الاقوامی سیمینار) - (۴-۵ / مارچ ۲۰۲۳ء)

ISBN : 978-93-91456-47-4

ایڈیٹر (Editor) : پروفیسر محمد حبیب اللہ قاسمی (Prof. Mohammad Habibullah)
صدر شعبۂ دینیات (سنی)، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

معاون ایڈیٹرس (Joint Editors) : ڈاکٹر ندیم اشرف (Dr. Nadeem Ashraf)
ڈاکٹر ریحان اختر (Dr. Reihan Akhtar)
شعبۂ دینیات (سنی)، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

تصحیح وترتیب : ڈاکٹر محمد حماد و ڈاکٹر محمد عامر
Dr. Mohammad Hammad and Dr. Mohd. Amir

سال اشاعت : ۲۰۲۴ء (2024)

قیمت : ۹۶۰ روپے (Rs. 960/-)

صفحات : ۳۵۵ (355)

ناشر : پبلی کیشنز ڈویژن، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ
Publications Division, AMU, Aligarh

پروفیسر ضیاء الدین فلاحی *

تفہیم القرآن عصر حاضر کا شاہکار کارنامہ

تفسیر تفہیم القرآن مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کی علمی، تحقیقی، دعوتی اور تجدیدی کاوشوں کا عطر اور نچوڑ ہے جو گہرے مطالعات، مشاہدات، تجربات اور تفکرات کا نتیجہ ہے۔ قدیم وجدید فلسفہ سیاسیات، معاشیات اور الٰہیات کی بڑی بڑی لائبریریاں اپنے دماغ میں انہوں نے تفسیر لکھنے سے قبل اتار لیں۔ اس کی تصنیف کا آغاز رسالہ ترجمان القرآن کے توسط سے فروری ۱۹۴۲ سے ہوا وہ اپریل ۱۹۷۳ تک جاری رہا۔ بعد میں تفہیم القرآن کو چھ جلدوں میں ۳۴۸ صفحات کے اندر بڑے سائز میں شائع کر دیا گیا۔[۱]

تفہیم القرآن کی تصنیف کا مقصد:

ضرورتِ تصنیف پر دیباچہ تفہیم القرآن جلد اول میں روشنی ڈالتے ہیں:

"میں ایک مدت سے محسوس کر رہا تھا کہ ہمارے عام تعلیم یافتہ لوگوں میں روحِ قرآن تک پہنچنے اور اس کتاب پاک کے حقیقی مدعا سے روشناس ہونے کی جو طلب پیدا ہوگئی ہے اور روز بروز بڑھ رہی ہے، وہ مترجمین ومفسرین کی قابل قدر مساعی کے باوجود ہنوز تشنہ ہے۔ اس کے ساتھ میں یہ احساس بھی اپنے اندر پا رہا تھا کہ اس تشنگی کو بجھانے کے لئے کچھ نہ کچھ خدمت میں بھی کر سکتا ہوں۔ ان ہی دونوں احساسات نے مجھے اس کوشش پر مجبور کیا جس کے ثمرات ہدیہ ناظرین کئے جا رہے ہیں۔ اس کام میں میرے پیش نظر علماء اور محققین کی ضروریات نہیں ہیں اور نہ ان لوگوں کی ضروریات ہیں جو عربی

---

* شعبۂ اسلامک اسٹڈیز، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ۔